ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((209

03.05.25

**بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد،32 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کرکے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی،شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی بخاری کے ہمراہ روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری۔ کھلی کچہری میں32 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کیئے۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کرکے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کرکے مدعی مقدمہ کے حوالے کرکے رپورٹ جمع کروائیں۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




**بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((210

03.05.25

**بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا ڈسٹرکٹ پولیس لائن کے ریکریشن ہال میں پولیس ملازمین کے لئے دربار کا انعقاد۔ محکمہ پولیس کو آپ پر فخر ہے، ہمیشہ محنت اور جانفشانی سے اپنے پیشہ وارانہ امور کو سرانجام دیں، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے ڈسٹرکٹ پولیس بہاولپور لائینز کے ریکریشن ہال میں پولیس ملازمین کے مسائل کے حوالے سے دربار کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر ضلع بھر سے اپر سپارڈینٹ و لوئر سپارڈینٹ اور کنسٹبلان نے بذریعہ ویڈیو لنگ جبکہ سٹی و صدر سرکل میں تعینات پولیس ملازمین نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے اپنے خطاب میں کہا کہ ضلع بھر کے پولیس ملازمان کی ویلفیئر ہماری اولین ترجیح ہے۔ ڈسپلن پر عدم برداشت کی پالیسی اپنائی جائے گی۔ آپ سب محکمہ پولیس کا فخر ہیں، ہمیشہ محنت اور جانفشانی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں۔ بدعنوانی اور پیشہ وارانہ امور میں غفلت برتنے والوں کے لئے محکمہ میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ اگر آپ میں سے کسی کو بھی کوئی بھی مسئلہ ہو تو وہ میرے ذاتی نمبر پر بلا خوف رابطہ کر سکتے ہیں۔ میرے آفس کے دروازے تمام افسران کے لیے کھلے ہیں۔ دربار کے اختتام پر ڈی پی او بہاولپور نے جملہ ملازمان سے باری باری ان کے مسائل دریافت کئے اور ان کے مناسب حل کے لئے احکامات جاری کئے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ بہاولپور پولیس اسی طرز پر مزید محنت اور جدوجہد سے عوام کے مسائل اور جرائم کی کمی کے لیے دن رات کام کو یقینی بنائے گی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**



**بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال ڈسٹرکٹ پولیس لائینز کے ریکریشن ہال میں پولیس ملازمین کے ساتھ منعقدہ دربار کے موقع خطاب کر رہے ہیں**